# اُن کو بولو
# میں اُن سے محبّت کرتا ہوں

## تمہاری محبت کے واسطے خُداوند کے الہام کو حصول


جائس میئر

*# 1NEW YORK TIMES BESTSELLING AUTHOR*

# اُن کو بولو

## میں اُن سے محبّت کرتا ہوں

# اُن کو بولو
# میں اُن سے محبّت کرتا ہوں

تمہاری محبت کے واسطے خُداوند کے الہام کو حصول

## جائس میئر

JOYCE MEYER MINISTRIES®

Nanakramguda, Hyderabad - 500 008

Unless otherwise indicated, all Scripture quotations are taken from The Amplified® Bible (AMP). Copyright © 1954, 1962, 1965, 1987 by The Lockman Foundation. Used by permission.

Scriptures marked NKJV are taken from the New King James Version. Copyright © 1979, 1980, 1982 by Thomas Nelson, Inc.

Scriptures marked kjv are taken from the King James Version of the Bible.

Copyright © 2013 by Joyce Meyer Ministries - Asia
All rights reserved. No part of this publication may be reproduced, distributed, or transmitted in any form or by any means, or stored in a database or retrieval system, without the prior written permission of Joyce Meyer Ministries - Asia.

Joyce Meyer Ministries - Asia
Nanakramguda,
Hyderabad - 500 008
Phone: +91-40-2300 6777
Website: www.jmmindia.org

Tell Them I Love Them - Deccani
*Receiving a Revelation of God's Love for You*

*Printed at:*
Caxton Offset Pvt. Ltd.
Hyderabad-500 004

# عنوانات کی فہرست


تعارف vii

1۔ خُدا اوند تمہارے سے محبت کرتا ئے۔ 1

2۔ کیا میں اس لائق ہوں 6

3۔ محبت بولے تو رشتہ رکھنا 13

4۔ محبت بھروسہ اور اعتماد 18

5۔ خوف سے نجات 23

6۔ محبت کا دائرہ بڑھتے جا تائے 28

7۔ خداوند کی محبت تم لوگاں کو بدل دیں گی 34

ایک نئ زندگی محسوس کرو 39

# تعارف

میں مانتوں کہ لوگاں کو خُداوند کی محبت کے شخصی الہام کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، میں یہ بھی مانتوں کہ کامیاب مسیحی زندگی گذارنے کے واسطے یہ الہام ایک بنیاد ہے۔ ہمارے کو خُداوند کی محبت کے بارے میں عقلی علم نئیں مگر الہام ہونا، جب ہر ایک بندہ خُداوند کی محبت پو غور و فکر کرے۔ اپنی زندگی میں خُداوند کی محبت کو جانے پہچانے اور اُس الہام کو خُداوند کے لکھے ہوئے کلام اور دعا کے ذریعہ سے ڈھونڈنے کی کوشش کرے، تب اس کو یہ الہام صرف مقدس روح ہی دے سکتی ہے۔ خُداوند دنیا سے محبت کرتیں، اور اُس کے واسطیچ اُنوں یسوع دنیا والوں کے واسطے قربان ہونے بھیج دیئے۔ یہ معلوم کرنا اور ماننا بھوت آسان ہے۔ لیکن اگر تم زمین پو اکیلے شخص ہوتے اس وقت بھی کیا تمہارے واسطے خُداوند کی محبت اِتّیچ ہوتی کہ وہ یسوع کو تمہارے واسطے مرنے کے واسطے بھیجتے یہ بھروسہ کرنا مشکل ہے۔

بھوت سالوں تک جھلّائے ہوئے مسیحی کی شکل میں زندگی گزارنے کے بعد میرے کو خُداوند کی محبت سمجھ میں آئی۔ خُداوند کے فضل سے روح القدس کے ذریعہ یہ الہام مِلیا کہ وہ میرے کو شخصی طور پو میرے کو محبت کرتیں۔ اکیلا الہام میری پوری زندگی کے ساتھ میرے چال چلن کو بھی بدل دیا۔ میرے کو یقین ہے کہ جو بھی اس کتاب مین پڑھیں گے یہ خُداوند کی محبت کے بارے میں تمہارے کو نوا نظریہ اور نوی سمجھ عطا کریں گا۔ میرا یہ بھی یقین ہے کہ وہ ذاتی طور سے الہام حاصل کرنے کے واسطے تمہارے اندر ایک نوی بھوک پیاس جگا دیں گا۔ میری گذارش ہے کہ تم اس کتاب کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا، اور اسے مطالعہ کی شکل میں لیو، اور مقدس کتاب کے کلام اور خیالوں کو جو آگے کے صفحوں میں تمہارے کو ملیں گے، غور و فکر کرو۔ یہ معلوم کرتے ہوئے کہ میں خُداوند سے الگ ہو کو کچھ بھی نئیں ہوں اس کے کلام سے جو الہام اور سمجھ میرے کو ملیئے، خُداوند کے فضل کی شکل میں بڑے خلوص کے ساتھ تمہارے کو پیش کرتیوں۔

# اُن کو بولو

## میں اُن سے محبّت کرتا ہوں

# 1

# خُداوندتمہارے سے محبت کرتاۓ۔

کیوں کہ خُدادنیا سے ایسی محبت رکھتاۓ اُنے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیانا کہ جوکوئی اس کو ایمان لاۓ، ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پاۓ، یوحنا3:16

خُداوندایک خاندان چاہتاۓ اُس کے واسطے خُداوند ہمارے کواپنی اولاد بنایا جاۓ۔اُنے یہ نئیں چاہتا کہ ہم لوگاں چھوٹے بچوں کے ویسا برتاؤ کرنا مگر اُنے چاہتاۓ کہ ہم لوگاں اُس کی اولاد کے ویسا برتاؤ کرنا، اُنے چاہتاۓ کہ ہم لوگاں اُس پو توکّل کرنا۔بھروسہ کرنا اورصرف اُسکاچ سہارالینا،اُس کومحبت کرنا اوراُنے بھی ہمارے کومحبت کرنا۔اُنے چاہتاۓ کہ ہم لوگاں اس پو اعتماد کرنا اوراہماری ہرایک ضرورت کے وقت اُس کے پاس جانا۔اُنے تمہارے ساتھ ایک خاص قسم کا ذاتی رشتہ رکھنا چاہتاۓ۔

ہمارے میں سے بھوت لوگاں یوحنّا3:16 کوایک خاص نظر سے دیکھتیں ہاں۔میں جانتیوں یسوع مسیح دنیاوالوں کے واسطے جان دیئے۔مگرہم لوگاں کوئی عام جماعت نیں ہیں جن کے واسطے یسوع مسیح اپنی جان دیئے اُنوں ہم میں سے ہرایک کے واسطے جان دیئے۔تمہارے واسطے جان دیئے،اگرتم زمین پوا کیلے چ ہوتے تب

بھی اُنوں تمہارے واسطے اپنی جان دیئے اُنوں تمہارے اکیلے کے واسطے سارے دکھ درد سہتے ، اُنوں تمہارے واسطے اپنی جان دیئے، خُداوند تمہارے سے بھوت محبت کرتیں، وہ تمہارے سے ابدی زندگی تک محبت کرتیں۔

ایک دفعہ میں کار چلارئی تھی۔اور خُداوند میرے سے دل میں بات چیت کرنے لگے۔ بولے۔ جائس،تو میری آنکھ کی پتلی ہے، میرے کو معلوم نیں تھا کہ یہ آیت مقدس کتاب میں ہے۔شیطان فوراً میرے کو بولا، ایسا بولنا، گھمنڈ کرے ویسا نیں ہے کیا؟ تیرے کو کیا لگتا ئے ،تو کون ہے؟ اب میں سوچنے لگی میرے کو ایسا نئیں سوچنا تھا، ایسا سوچنا ہماری عام سوچ کے خلاف ہے کیوں بولے تو خود کو خاص شخص سمجھنا، اور یہ سمجھنا کہ ہمارے کو الہام ہوا ئے اور ہم لوگاں دوسروں سے مختلف ہیں۔ ہمارے میں سے ہر کوئی ذاتی طور پر دوسرے سے مختلف ہے اور خُداوند باپ ہمارے کو ایسا چ پیدا کریا ئے۔

جب میں اس بارے میں غور کر رئی تھی ، خُداوند میرے دل میں ایک عورت کی تصویر دکھایا۔ وہ عورت سوپر بازار میں سیباں کے ڈھیر کے پاس ٹھہری تھی اُنے سیباں کے ڈھیر میں چُن کو ایک سیب اٹھالی ، جو سب سے اچھا تھا، وہ اُسے خریدنے لگی ، خُداوند میرے کو بولنا چاہرئے تھے کہ میں اُن کی نظر میں ایک عمدہ سیب تھی ، میں خاص تھی ، سننے میں شاید یہ خراب لگے مگر خُداوند ہم سب لوگاں کو ایچ بولتیں، کیا اس کا مطلب یہ نئیں ہے کہ خُداوند ہمارے کو سب سے نزدیک مان ریں، اور یہ بولریں کہ دوسرے اچھے نیں ہیں۔ وہ یہ بولریں کے ہم سب لوگاں خاص ہیں۔ یہ بات خُداوند کے کلام میں لکھیے۔اور یہ کلام سب کے واسطے ہے،تم سب لوگاں خُداوند کے آنکھ کی پُتلی ہیں۔

خُداوند میرے کو کیا بولرئے تھے میں اُسے یاد نیں رکھی ، میں مرے بارے میں اِتّے اچھّے باتاں سوچنے کے واسطے خود کو مجرم ٹھہراتیوں ، لگ بھگ دو دن بعد بائبل میں زبور 17:8 میں پڑھی ، میرے کو لگا ، جیسے وہ کلام میرے گھور را تھا۔ ’’میرے کو آنکھ کی پتلی کے ویسا محفوظ رکھ‘‘ ’’میرے کو اپنے پروں کے سائے میں چھپالے ‘‘ میں بولی ، اوہ۔ وہ حقیقی خُداوند تھا ، میں خداوند کے آنکھ کی پتلی ہوں۔ بھوت دنوں تک میں سوچتی رہی۔ ہر بار

میں خود کو ایک خاص شخصیت کی شکل میں محسوس کرتی رہی۔

لوگاں کے دلوں میں ایک بھوک پیاس، خواہش اور آرزو ہوتی اے کہ کوئی ان کو محبت کرے، خُداوند ہمارے کو ایسا چ بنایائے، بھوت سے لوگاں یہ مانتیں کہ خُداوند دنیا والوں سے محبت کرتیں۔ یسوع سے محبت کرتیں، مگر ان کو محبت کرتیں یہ ماننے کے واسطے مشکل محسوس کرتیں۔ مگر خُداوند کا کلام سکھاتائے کہ خُداوند ان کو اِتّیچ محبت کرتیں جتّی اُنوں یسوع سے کرتیں اُنوں تمہارے کو بھی اِتّیچ محبت کرتیں جتّی وہ یسوع سے کرتیں، آؤ ہم لوگاں یوحنّا 20 :5 پڑھیں۔

''اس واسطے کہ باپ بیٹے کو عزیز رکھتائے اور جتّے کام خود کرتائے اسے دکھاتا بلکہ ان سے بھی بڑے کام اسے دکھائیں گا، تا کہ تم تعجب کرو''، یاں خُداوند بولتائے۔ میں یسوع کے ذریعہ یہ عظیم کاموں کو کرراؤں، اور اُس سے بھی عظیم کام کروں گا، تا کہ تم لوگاں تعجب کرو۔ (مصنف کا اقتباس) کیا تمہارے کو معلوم ہے کہ کونسی بھی بات پو تعجب کرنا صحیح ہے۔ خُداوند کے کام پر دنگ ہونا اچھا ہے؟ ہم لوگاں یہ کلام کو پڑھتیں، مگر اکثر وہ باتاں بھو جاتیں جو خُداوند چاہتیں کہ ہم لوگاں کریں۔ وہ چاہتیں کہ ہم لوگاں وہ عظیم کاموں کو جو اُنوں یسوع کے ذریعہ کرے دیکھ کر تعجب سے بولیں، وہ حیرت انگیز ہے۔ اے خُداوند مسیح کے ذریعہ کِتّے حیرت انگیز کاماں کرے۔ تب وہ چاہتیں کہ تم لوگاں بائبل میں یوحنّا 12 :14 میں لکھی بات پو دھیان دیں۔ جہاں یسوع مسیح بولریں۔

''میں تمہارے سے سچ بولتاؤں کہ جو میرے پو ایمان رکھتائے یہ کام جو میں کرتاؤں وہ بھی کریں گا بلکہ ان سے بھی بڑے کام کریں گا، کیوں کہ میں باپ کے پاس جاتاؤں۔''

خُداوند ویسیچ کاماں اس سے بھی عظیم کاماں تمہارے ذریعہ پورے کریں گا۔ جو انیں یسوع کے ذریعہ کر ایائے۔ کیوں کہ یسوع اپنے باپ کے پاس چلا گیا ہے۔ کیا تم لوگاں اس بات پو بھروسہ کرتیں؟ کیا تم لوگاں سچ مچ یہ بھروسہ کرتیں کہ خُداوند تمہارے سے محبت کرتائے اور تمہارا استعمال کریں گا؟

ایک دن جب میں کلام کا مطالعہ کر رئی تھی، خُداوند میرے سے بات کرے۔ جائس، میں لوگاں کے واسطے ہر روز کِتّے کاماں کرتوں، کیوں میں ان کو محبت کرتوں اور وہ اکثر یہ نئیں سمجھتے، وہ اسے نہ تو سمجھتیں نہ پہچانتیں، میں تمہارے کو صرف ایک مثال دیتوں، ہر روز جب میں سورج سے بولتوں طلوع ہو تب میں یہ بات جائس کے واسطے، بیٹی کے واسطے جیمی کے واسطے اور تمہارے واسطے (تم لوگاں یاں اپنا نام لکھ لیو) بھی کرتوں،

ٹھہرو اور سوچو، سورج ہر روز طلوع ہوتائے، اور آسمان میں تمہارے واسطے چمکتائے، جی ہَو، سورج۔ مگر ہم لوگوں یہ مان کو چلتیں کہ اُسے تو نکلنا چ ہے۔ ہم لوگاں جانتیں کہ سورج ہر روز نکلتائے۔ مگر وہ تمہارے واسطے نکلتائے۔ جب موسم کے حساب سے برسات ہوتی اے، وہ تمہارے واسطے ہوتی اے، جب برف گرتی اے، وہ تمہارے واسطے گرتی اے، خُداوند تمہارے کو کِتّی محبت کرتیں۔

استثناء 7:9 میں لکھا ہے

سو جان لے کہ خداوند تیرا خدا وہی خدا ہے، وہ وفادار خدا ہے اور جو اس سے محبت رکھتیں اور اس کے حکموں کا مانتیں ان کے ساتھ ہزار پشت تک وہ اپنے عہد کو قائم رکھتائے اور ان پو رحم کرتائے''

کیا تمہارے کو نئیں لگتا کہ ہزار پشت تک خُداوند کی طرف سے ملے عہد کی ایک وجہ ہے۔ تم لوگاں اس کی محبت کو پانا چاہتیں؟ وہ ابدی خُداوند ہے۔ تم اس کو تھکا نئیں سکتیں، ہمارے میں سے بھوت سے یہ سوچتیں کہ اپنے غلطیاں اور غلط کاماں سے خُداوند کو تھکا دئیں۔ مگر تم لوگاں ایسا نیں کرسکتیں، محبت کبھی تھکتی نیں، اور خُداوند تم لوگاں سے محبت کرتے کرتے کبھی تھکیں گے نیں، محبت کرنا خُداوند کے واسطے ایک کام نہیں ہے وہ خود محبت ہیں۔،

اس زمیں پو جو تھے یا کبھی ہوں گے، ایسے سب سے گنہ گار اور خراب بھی اگر یسوع کے منھ پو تھوکیں اور بولیں۔ میرے کو تمہارے سے کیا لینا دینا ہے میں دوزخ میں خوش ہوں۔ خداوند ان کو محبت کرتیں۔ پھر وہ ان کو

جو چُنے گئیں۔اورخداوند کے مقصدکو پورا کرنے کے واسطے الگ کئے گئیں کیا محبت نہیں کریں گا؟

شایدتم لوگاں یہ بولیں کہ ''میں یسوع کواپناتوں/ اپناتیوں اوراس کومحبت کرتوں/کرتیوں،مگر میں تم لوگاں سے پوچھناچاہ ریوں کہ خُداوندتم لوگاں سے محبت کرتیں،اس بات پوتم لوگاں کِتّا بھروسہ کرتیں۔

تم لوگاں کے واسطے یہ بالکل سیدھااورآسان پیغام ہے۔خُداوندتم لوگاں سے محبت کرتیں۔مگر یہ بنیاد ہےان سب باتاں کے واسطے جوخداوند چاہتیں کہ تم لوگاں سمجھیں۔

تم لوگاں خُداوند کے باتاں کو کِتّا کبھی سیکھواوران کامطالعہ کرواورڈھونڈنے میں کِتّی بھی محنت کرو۔اگر تم لوگاں یہ سچ کونیں ماسکتیں کہ خُداوندتمہارے سے محبت کرتیں توتم لوگاں بھوت دورتک نیں جیں گے۔خُدا وند کی محبت تم لوگاں کا بھروسہ، گناہ سے آزادی اور بے خوف ہوکر دوسروں کی خدمت کے واسطے آگے قدم بڑھانے میں بنیادکا پتھرہے۔کیاتم لوگاں خداوند کی اس محبت کوقبول کرتیں؟ خداوندتم لوگاں سے محبت کرتیں،

# 2

# کیا میں اس لائق ہوں

اور امید سے شرمندگی حاصل نہیں ہوتی کیوں کہ روح القدس جو ہمارے کو بخشا گیا ئے اس کے وسیلے سے خدا کی محبت ہمارے دلوں میں ڈالی گئی، کیوں کہ جب ہم کمزور ہیچ تھے تو عین وقت پر مسیح بے دینیوں کی خاطر مرا، کسی راست باز کے واسطے بھی مشکل سے کوئی اپنی جان دیں گا، مگر شاید کسی نیک آدمی کے واسطے کوئی اپنی جان تک دے دینے کی جرأت کرے، مگر خدا اپنی محبت کی خوبی ہم پو یوں ظاہر کرتا ئے کہ جب ہم لوگاں گناہ گار ہیچ تھے تو مسیح ہمارے واسطے مرا، پس جب ہم اس کے خون کے باعث اب راست باز ٹھہرے تو اس کے وسیلے سے غضبِ الٰہی سے ضرور ہی بچیں گے، کیوں کہ جب باوجود دشمن ہونے کے خدا سے اس کے بیٹے کی موت کے وسیلے سے ہمارا میل ہو گیا تو میل ہونے کے بعد تو ہم لوگاں اس کی زندگی کے سبب سے ضرور ہی بچیں گے۔''

جب کہ ہم لوگاں اس کی خون کی وجہہ سیچ راست باز ٹھہریں۔ (خداوند کے ساتھ ہمارا صحیح رشتہ قائم ہوائے ) تو کیا ہم لوگاں اس کے ذریعہ خداوند کے غضب سے نیں بچیں گے؟ یہ طے ہے کیوں کہ دشمن ہونے کی حالت میں تو اس کے بیٹے کی موت کے ذریعہ ہم

لوگاں کا میل خداوند کے ساتھ ہوا۔ پھرمیل ہونے کے بعد (یہ طے ہے کہ) اس کی دوبارہ حاصل ہونے والی زندگی کی وجہ سے (روز ہونے والے گناہوں سے چھٹکارہ) ہم لوگاں نجات کیوں نہیں پائیں گے؟۔رومیو5;5-10

ہمارے میں سے بھوت لوگاں جب تک کسی بات میں الجھتے نیں۔تب تک تو بھروسہ کرسکتیں کہ خداوند ہمارے کومحبت کرتائے۔بھوت سے لوگاں خودکو بھوت زیادہ پسند نیں کرتیں۔کیوں کہ وہ مانتیں کہ اُنوں خداوندکو راضی نہیں کرسکتیں اور خداوندان کومحبت نہیں کرسکتائے۔مگر بائبل میں لکھیائے کہ ''تو پھرانسان کیاہے کہ تو اسے یادرکھےاورآدم زاد کیاہے کہ تواس کی خبرلے''۔زبور8:4

ہم لوگاں خداوند کی تخلیق ہیں اور وہ ہمارے کومحبت کرتائے تو اس کے واسطے کہ وہ محبت ہے۔1 یوحنّا 4:16

وہ تم لوگاں سے محبت کرتائے اورتم لوگاں خاص ہیں،اس کا مطلب ہے کہ تم لوگاں صحیح معنوں میں الگ اوردوسروں سے مختلف ہیں۔تم لوگاں کومیرے ویسا بننے کی ضرورت نیں۔نہ میرے کوتمہارے ویسا بننے کی۔اگر ہم ایک دوسرے کے ویسا بنے کی کوشش کریں گےتو ہماری حالت خراب ہوجیں گی۔ایسا کرو تم لوگاں کوشیطان کو یہ بولنے کا موقع دیں گے کہ تم لوگاں اس لائق نیں ہیں۔مگر حقیقت میں خداوند کے نزدیک تم لوگاں کو لائق ہونے کی ضرورت نیں ہے۔

کیا یسوع قربانی اس واسطے دیئے کہ تم لوگاں بھوت عظیم اور غیر معمولی شخص ہیں یا اس کے واسطے کہ اُنوں تم لوگاں سے محبت کرتیں؟ بائبل میں لکھائے کہ جب اس کی محبت اس کوتم لوگاں کے واسطے مرنے تک کو تیار کرسکتی اے۔تب اس کے خون کی وجہ سے راست ٹھہرائے جانے پو وہ تم لوگاں سے کتّی زیادہ محبت کریں گے؟ (رومیو 5:8,9)وہ تم لوگاں سے اتّی محبت کرتیں کہ ہونے والے غلطیاں کوبھی چھپادیتے اورتم

لوگاں سے اتّی محبت کرتیں کہ ہر روز بتانے کے واسطے قوت اور فتح دیتیں

خداوند نے ایک روز ایک مثال دے کو میرے کو سمجھایا کہ وہ ہمارے کو غلطیاں اور کمزوریاں کو کیسی نظر سے دیکھتائے۔ ذرا سوچو کہ ایک چھوٹی بچی تین یا چار سال کی اپنے ماں کو ہمیشہ کام کرتے دیکھتی تھی۔ وہ اپنی ماں سے اتّی محبت کرتی تھی کہ ایک روز چھوٹی بالٹی میں پانی بھر کو اور صفائی کرے کا کپڑا لے کو سامنے کے دائیلان میں کھڑکی کو صاف کرنے لگتئے ،اُنے رگڑ رگڑ کو کھڑکی صاف کرتئے ،اور کاغذ کے پرزوں سے کھڑکی صاف کرتئے ۔

ویسے تو کھڑکی پہلے سے بھوت زیادہ گندی ہو جاتئے۔صابن اور کپڑے سے پوچنے کے دھبے وغیرہ واں دکھائی دیتیں۔اور جب تم لوگاں دیکھتیں کہ وہ تمہارے سب سے اچھے صفائی کرنے کا کپڑا خراب کری اے ،تمہارے کو لگتائے کہ اس کی گردن پکڑ کو مروڑ دینا۔مگر وہ معصوم بچی ماں کے نزدیک آ کو اپنی سریلی آواز میں بولتئے ۔ممّی ۔ممّی ۔ میں کھڑکی کو دھو کو صاف کریوں۔ میں تمہارے واسطے اتّی محنت کریوں۔ میں تمہارے کو محبت کرتیوں ممّی ۔

ایک محبت کرنے والی ماں بولیں گی۔اوہ۔تو بھوت اچھا کام کر رہیئے۔میری مدد کرنے کے واسطے شکریہ ۔جب جیسا ہی بچی ماں سے ہٹتیئے ۔وہ پھر سے کھڑکی صاف کرنے لگتئے ،مگر بعد میں اسے نصیحت کریں گے کہ ایسا پھر نیں کرنا۔ خداوند میرے کو بتایا کہ وہ ہم لوگاں کے واسطے بیچ کرتائے ،۔وہ ہمیشہ ہم لوگاں سے جو الٹے سیدھے کا ماں ہوتیں اُن کو سدھارتائے اگر تم لوگاں کوئی بھی کام کرنا نیں جانتیں کہ اس کو اچھے طریقہ سے کیسا کرتیں تو خداوند تم لوگاں سے بیچ امید رکھتائے۔ وہ تمہارے سے ایسے کام کی امید نیں رکھتائے جو تم لوگاں نیں کرسکتیں۔اگر تم لوگاں یہ بولنے سے اتفاق کرتیں کہ وہ صحیح ہے میں غلط ہوں میں کوشش کرا مگر بدل نہیں سکیں۔ وہ تمہارے کو بدل سکتائے ۔تب اُنے تمہارے کو ضرور بدلیں گا۔کیوں کہ اسے معلوم ہے کہ بغیر اس کی مدد کے تم لوگاں خود کو نیں بدل سکتیں۔

کیوں کہ جسے خدا نے بھیجا وہ خدا کی باتیں بولتائے ،اس واسطے کہ وہ روح ماپ ماپ کو نئیں دیتا،

باپ بیٹے سے محبت رکھتا ئے اور انھیں سب چیز اس کے ہاتھ میں دے دیا ئے۔''

(یوحنا 3:34,35)

ایک دفعہ میں مطالعہ کر رئی تھی۔ اور اس آیت کا ورد کر رئی تھی میں خوش ہو کر چلانے لگی۔ اس وقت میں پڑھی کہ خداوند اپنی روح ماپ ماپ کو نیں دیتا ئے۔ وہ ہم لوگاں کو کون سی بھی بات کو ذری آج اور ذری سی کل کر کو نیں دیتا ئے۔

مگر وہ بولتا ئے۔ آؤ جو کچھ میرا ہے لے لیو۔ آج خداوند کی قوت اور محبت تمہارے واسطے دستیاب ہے۔ تمہارے کو جو ہونا ہے وہ اس کے پاس ہے۔ اور وہ چاہتا ئے کہ تم لوگاں وہ سب مل کر حاصل کر لینا کیوں؟ کیوں کہ وہ تمہارے کو محبت کرتا ئے۔ تمہارے کو وہ سب حاصل کرنے کے واسطے لائق ہونے یا بننے کی ضرورت نیں ہے۔ کیوں کہ لائق بننے کے واسطے تم لوگاں کچھ نیں کر سکتیں۔ تمہارے کو اچھا بننے یا لائق بننے کی ضرورت بالکل نیں ہے۔ خداوند تمہارے کو دینا چاہتا ئے کیوں کہ وہ تمہارے کو محبت کرتا ئے۔ استثنا 7:6,7 میں لکھا ہے۔'

کیوں کہ تو خداوند اپنے خدا کے واسطے ایک مقدس قوم ہے، خداوند تیرے خدا نے تیرے کو روئے زمین کی ساری قوموں میں سے چُن لیا ئے تا کہ اس کی خاص امت ٹھہرے، خداوند نے جو تم لوگاں سے محبت کی اور تمہارے کو چن لیا تو اس کا سبب یہ نئیں تھا کہ تم لوگاں شمار میں دوسری قوموں سے زیادہ تھے کیوں کہ تم لوگاں سب قوموں سے شمار میں کم تھے۔''

خداوند اسرائیلوں کو اپنی ذاتی قوم ہونے کا مقام دیا ہے اور کلیسیا کی شکل میں ہم لوگاں آج حقیقی روحانی اسرائیلی ہیں۔ اس وجہ سے یہ کلام جیسا ان کے واسطے ہے۔ ویسا چ ہمارے واسطے بھی ہے۔ وہ بولا۔ میں تم لوگاں کو اس واسطے نیں چنا کہ تم لوگاں کام میں صحیح تھے ان میں سب سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں تھے یا تم لوگاں میرے برابر ہیں تو شاید یہ سوچیں گے کہ تم لوگاں دوسروں کے مقابلے میں سب سے خراب تھے ۔جب تم لوگاں ترقی کر لئے مگر پھر بھی آیت 8 میں خداوند بولتا ئے۔

بلکہ چوں کہ خداوند کو تم لوگاں سے محبت ہے اور وہ اس قسم کو جو اُنے تمہارے باپ دادا سے کھائی ، پورا کرنا چاہتائے ،اس کے واسطے خداوند تم لوگاں کو اپنے زورآور ہاتھ سے نکال کو لایا اور غلامی کے گھر یعنی مصر کے بادشاہ فرعون کے ہاتھ سے تم لوگاں کو مخلصی بخشی ۔''

اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ تم لوگاں سے محبت رکھتائے اور وہ قسم بھی پوری کرنا چاہتائے جو تمہارے باپ دادا سے کھایا تھا۔ یہ حمد و ثنا کا موقع ہے ۔خداوند بولتیں ، میں تم لوگاں سے محبت رکھتوں ، میں تمہارے کو بولیوں کہ تم لوگاں مقدس ہیں ۔تم لوگاں خاص ہیں ۔ میں تم لوگاں کے بھلے اور غیر معمولی ہونے کی وجہ سے تمہارے کو نیں چنا مگر اس واسطے چن لیوں کہ میرے کو تمہارے سے محبت ہے ۔کیا تمہارے کو معلوم ہے کہ آج خداوند تم لوگاں سے کیا چاہتیں ؟ وہ چاہتیں کہ تم لوگاں اس کی محبت کو قبول کریں اور اپنا لیں ۔ ہمارے میں سے بھوت سے لوگاں کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہم لوگاں خود کو نا پسند کرتیں ۔ ہم لوگاں بھروسہ نیں کرتیں کہ خداوند ہمارے کو محبت کرتیں ہم لوگاں سوچتیں ، کیا کوئی میرے کو محبت کریں گا ۔ میں اس لائق نیں ہوں ؟ اگر تم لوگاں کو یقین ہے تم لوگاں بیکار اور بدصورت ہیں تو ضرور ہیں کہ تم لوگاں ایسا چ سوچنے اور کاماں کرنے لگیں ۔تم لوگاں کے دل میں تمہاری شبیہہ ہے تم لوگاں اس کے اوپرّ اٹھ نیں سکتیں ۔

میرا سب سے بڑا مسئلہ یئچ تھا کہ میں خود کو نا پسند کرتی تھی ۔اور میں کم سے کم ۷۵ فیصد وقت خود کو بدلنے کی کوشش میں گذارتی تھی میرے کو لگیا کہ میں بھوت بولتیوں ،تو میں کاموش رہنے کی کوشش کری ،مگر جب میں خاموش رہتی تو میرے کو اختلاج ہونے لگتا اور ہر ایک سے میں یہ معلوم کرنے کی کوشش کرتی کہ میں کس واسطے خاموش تھی ۔ پھر میں سوچتی تھی ۔مگر تم لوگاں چ بولتے تھے کہ میں بھوت بولتیوں ، میرے کو اکیلا چھوڑ دیو ، میں خاموش رہنے کی کوشش کرریوں ۔

میں تم لوگاں کو بتا نیں سکتی کہ میرے کتّے سال اس کوشش میں گذر گئے ۔اور اس وقت بھی میں میرے بڑ بولے منھ کی وجہ سے پریشانی میں پھنستی تھی ۔بھوت سے لوگاں بھوت جو بولتیں ان کی شادیاں ایسے لوگاں سے

ہوتیں جو بھوت کم بولتیں۔ ان لوگاں کے خاموش رہنے پولگتائے کہ تم لوگاں کا بڑ بولا پن پہلے سے بھی بھوت ہو گیائے۔ شیطان تمہارے کو بار بار یاد دلاتائے کہ تم لوگاں بھوت بولتیں۔ اور اس کو چ مجرم ٹھہرانا بولتیں۔

خداوند چاہتیں کہ تمہارے اوپّر الزام نیں لگنا۔ مگر اس کے واسطے بھروسے اور نڈر پن کی ضرورت ہے۔ کیا تم لوگاں کو معلوم ہے کہ تم لوگاں کتّے بھی شرمندہ ہو جاؤ تمہارے شرمندہ ہونے کے وجہ سے ایک بھی غلط کام جو تم لوگاں کر ڈالیں اس کی قیمت نیں چکا سکتیں، یہ سچ مچ مشکل کام ہے۔ جب تم لوگاں کچھ غلط کام کریں۔ خدا وند تمہارے کو محبت کرتیں یہ بھروسہ کرنا مشکل ہے۔

شیطان تمہارے کو لگاتار بار بار یاد دلاتے اور چوٹ پہنچاتے رہیں گا کہ تم لوگاں بد ذوق، برے اور بد صورت ہیں اور بار بار یہ وسوسے ڈالیں گا۔ تم لوگاں اب یہ کام کریں۔ وہ بولیں گا۔ تم لوگاں کیا سوچتیں کہ کہ تم لوگاں کون ہیں؟ خداوند تمہارے کو کبھی برکت نیں دیں گا تم غلیظ اور بڈھے، تم لوگاں اب کسی کی گواہی نہیں دے سکتیں، تم لوگاں کوئی بھی کام صحیح نہیں کر سکتیں۔

یہیچ موقع ہے کہ جب تم لوگاں کے اندر کی انسانیت سے بے خوف ہو کو اٹھنے کی ضرورت ہے۔ بولو۔ اے باپ، میں غلطی کریوں اور میں تمہارے سے دعا کرتوں/ کرتیوں کہ ان کے خون سے دھو کو میرے کو معاف کر دیو۔ میں سچ مچ ایمان داری سے ایسا چاہتوں/ چاہتیوں میرے کو تمہاری معافی ہونا۔ شیطان تو خاموش رہو۔ یسوع میرے گناہوں کی قیمت چکا یائے، تمہارے کو اس سے کوئی واسطہ نیں۔ اور تب تم لوگاں خاموش رہ سکتیں اور آگے بڑھ سکتیں۔ خوش ہو جاؤ۔ مگر شاید تم لوگاں سوچریں۔ میں بار بار وہیچ احمقانہ غلطی کرتوں/ کرتیوں، میں بھی ایساچ سوچتی رہتی تھی۔ جب تک میں مجرم ٹھہرانے والے احساس کو دور نیں کری۔ اب تم لوگاں خود کو مجرم ٹھہرانے والے احساس کو دور کریں گے۔ تم لوگاں وہ گناہ بھی دہرانا بند کردیں گے۔

گناہ کے جرم کا اور مجرم ٹھہرانے کا احساس تمہارے کو دباتا چلے جائیں گا اور یاں تک کہ تم لوگاں اس سے نکل کو آزاد نیں ہو پائیں گے۔ مجرم ٹھہرانے والے جذبہ کو انکار کرنے کے واسطے نڈر پن ہونا۔

تم لوگاں کونڈر رہو کو اپنے بھروسے کا کام کرنا ہوں گا اور بولنا ہوں گا کہ تمہارے اوپر الزام نیں ہے۔ شیطان تمہارے کو بولیں گا۔تمہارا خیال ہے کہ تم لوگاں گناہ کرکو برا محسوس نہیں کریں گے؟ کیوں، تم لوگاں کو کم سے کم چھ گھنٹوں تک برا لگنا۔ وہ کام جو تم لوگاں کرے۔ سچ مچ برا تھا۔تم لوگاں صرف اتنا بولیں۔ نیں بالکل نیں ۔ میں ہرگز مجرم ہونے کے احساس کو قبول نہیں کروں گا۔شروع شروع میں مشکل نہیں ہوگی۔ یہ مشکل ہے۔مگر صرف تین یا چار بار کے بعد تم لوگاں اس احساس سے لڑ نا سیکھ لیں گے۔

یسعیاہ 53 میں 6.5 اور 11 میں لکھا ہے کہ (ایمپلی فائیڈ بائبل) کہ جب یسوع ہم لوگاں کے گناہ اپنے اوپر اٹھایا اُنے ان کے جرم کو بھی (جس میں مجرم ٹھہرائے جانے کا احساس بھی شامل ہے) اپنے اوپر اٹھایا۔ شیطان نیں چاہتا کہ تم لوگاں جرم کے احساس اور بدکرداری کے احساس سے آزاد ہو جائیں۔کیوں؟ کیوں کہ اگر تم لوگاں بدکرداری کے احساس سے تڑپتے رہیں گے۔تم لوگاں خداوند کی محبت کو کبھی قبول نیں کریں گے۔ مجرم ٹھہرانے کا احساس ہمارے کو خداوند سے الگ کرتائے اور ہمارے اور خداوند کے بیچ لوہے کی دیوار کی شکل میں آ کو کھڑے ہو جاتائے۔ جب تم لوگاں بدکرداری کے احساس سے بھرے ہیں، تم لوگاں خداوند باپ کا چہرہ نہیں دیکھ سکتیں، تم لوگاں جو دیکھ سکتیں وہ صرف بدکرداری کے احساس اور گناہ جو تم لوگاں کے سامنے ہے جرم کے احساس سے آزاد ہو جاؤ اور بھروسہ کرو کہ خداوند یہ بولیا کہ اس کا فضل ہمارے سبھی گناہوں کو چھپانے کے واسطے دستیاب ہے۔ وہ تم لوگاں سے محبت کرتائے اور اس کے طرف سے فضل اور معافی دونوں مفت ملنے والے تحفے ہیں۔آج ہیچ ان کو اپنالیو۔

# 3

# محبت بولے تو رشتہ رکھنا

اور جو محبت خداوند ہم لوگاں سے رکھتائے اس کو ہم لوگاں جان گئیں۔(سمجھ، پہچان، عقل اور تجربہ سے)اور ہم لوگاں کو اس پو بھروسہ ہے کہ(اس میں بنے رہتیں اور بھروسہ کرتیں) خداوند محبت ہے، اور جو محبت میں بنا رہتائے وہ خداوند میں بنا رہتائے اور خداوند اس میں بنا رہتائے۔یوحنّا 4:16

تم لوگاں کیسا خداوند کی محبت کو اور زیادہ جان سکتیں، اور پہچان سکتیں َوہ چاہے تم لوگاں کو کتّی بھی زیادہ محبت کرے اگر تم لوگاں اسے جان نیں سکے اور پہچان نیں سکے اس سے تم لوگوں کو کوئی فائدہ نیں پہنچیں گا۔ تم لوگاں کو معلوم ہے کہ جب کوئی حقیقت میں بھوت زیادہ محبت کرتائے تب کتاً اا چھا لگتائے۔تم لوگاں کو اتا اچھا لگتائے کہ تم لوگاں دنیا کو بھول جاتیں کیوں کہ کوئی تمہارے سے محبت کرتائے، خداوند تم لوگاں سے محبت کرتیں ۔اور وہ محبت کا اظہار کرنا چاہتیں۔وہ چاہتیں کہ تم لوگاں روزانہ ان کے ساتھ وقت بتائیں۔

کیا آپ کے خداوند کے درمیان صحیح معنوں میں ذاتی رشتہ ہے؟ بھوت وقت پہلے تم لوگاں اپنی نجات کا تجربہ حاصل کرے تھے۔اس کا مطلب یہ نیں ہے کہ تم لوگاں آج بھی خداوند کے ساتھ قربت کی بھرپور

خوشی حاصل کرریں۔ جب میں صبح اپنے انکھیاں کھولتیوں، سب سے پہلے میں خداوند کے بارے میں سوچتیوں، اور جب سونے جاتیوں اس وقت بھی سب سے آخری بات جوسوچتیوں وہ بھی خداوند ہیں۔ دن بھر بھی میں خداوند کے بارے میںچ سوچتی رہتیوں۔ اس سے زیادہ میں اور کچھ نیں چاہتیوں اس بھرے پُرے جہان میں صرف خداوندکوخوش کرنا اوران کی خدمت کرنا اوراسے پانے کے واسطےتم لوگاں جوکچھ بھی کریں وہ بہتر ہے۔

ہمارے اندرایک خالی جگہ ہےجس میں صرف خداوندیچ صحیح شکل میں بیٹھتیں، دوسری کوئی چیز یا خواہش وہ خالی جگہ کونیں بھر سکتی۔تم لوگاں خود سے یہ بول سکتیں۔ میرے کومعلوم ہے کہ میں مسیح کواپنالیاؤں۔مگر کیاتم لوگاں ہرحالت میں ہرروز ہرلمحہ اپنار یں؟ کیاتم لوگاں خداوند کی محبت کواپنار یں؟

خداوندتم لوگاں سے محبت کرتیں۔ اورتم لوگاں اس کے واسطے خاص ہیں۔ وہ ہم لوگاں کواپنے ساتھ قربت کرنے کے لئےتخلیق کرا ہے۔ہم لوگاں کی زندگی کے واسطے یہیچ اس کی سب سے بڑی خواہش اور مرضی ہے۔وہ صبح اپنے تخت سے نیچے جھک کر بولتائے۔صبح بخیر۔ میں تمہارےکومحبت کرتوں۔

میری ایک سہیلی عبادت کرتے وقت ایک منظر دیکھی۔ اُنے دیکھی کہ خداوند باپ ہرصبح کے وقت جب لوگاں سوکواٹھتیں تب امریکہ کے گھروں میں جاتیں۔ وہ ان سے قربت اور بات چیت کرنے کے واسطے بالکل تیاررہتیں۔ وہ میز کے پاس ایک کرسی پوبیٹھ جاتیں۔لوگاں سوکواٹھتیں، آتیں اور چلے جاتیں، وہ آتیں اور چلے جاتیں۔ وہ خداوند سے بول کوجاتیں۔ اے خداوندیاں تھوڑی دیرٹھہرو میں بعد میں آتوں، جیسا میرا یہ کام ختم ہوں گا میں تمہارے سے بات چیت کروں گا۔ بعد میں۔ میں آپ کیساتھ قربت کروں گا، بعد میں۔

دن ختم ہوتائے اوروہ لڑکی کا دل ٹوٹ جاتائے۔ یہ دیکھ کوکہ کوئی بھی خداوند سے باتاں کرنے نیں آیا۔اورخداوند جھکے ہوئے کاندھوں کےساتھ مایوس ہوکرواں سے چلے جاتیں۔

بھوت زیادہ مصروف نکّو رہو۔ اگرتمہارے پاس خداوند سے دعا کرنے اور وقت بتانے کا وقت

نیں ہے۔تب تم لوگاں بھوت مصروف ہیں۔تھوڑا وقت نکالو اور خداوند سے بولو کہ تم لوگاں خداوند سے کتّی محبت کرتیں۔جب سارے باتاں ختم ہو جاتیں۔اور صرف حمد وثنا رہ جاتائے۔تب واں اور کچھ نیں صرف خدا وندرہتیں، یہیچ وہ جگہ ہے۔اگر تمہارے اور خدا کے بیچ رشتہ نہیں ہے تب اس جگہ تک پہنچنے میں تمہارے کو دیر لگ جائیں گی۔اس کا یہ مطلب نیں کہ تم لوگاں جنت میں نیں جائیں گے۔مگر تم لوگاں فتح یاب زندگی جینے کی خوشی کو گنوادئیں۔

میں تم لوگاں کو ایک سال خداوند کے واسطے الگ کرنے کا مشورہ دیتوں۔جس میں تم لوگاں خداوند کو محبت کرنے کا موقع دیو، اپنی ذاتی قوت اور بھروسے سے کام کرنا بند کرو۔اور بھروسے اور قوت کے مرد اور عورت نکّو بنو،تم لوگاں صرف اپنے باپ کے گود میں چلے جاؤ بچوں کے ویسا۔اور خداوند کو تمہارے کو محبت کرنے دیو۔تم لوگاں جب تب خداوند کو محبت کرنے کا موقع نیں دیں گے۔

تب تک تم لوگاں صحیح معنوں میں خداوند سے محبت نیں کرسکتیں۔یوحنّا 4:16 میں لکھا ہے۔

اور جو محبت خداوند ہمارے سے رکھتائے۔اس کو ہم لوگاں جان گئیں (سمجھو، پہچان عقل اور تجربہ سے) اور ہمارے کو اس پو بھرسہ ہے۔(اُس میں بنے رہیں، بھروسہ کرتیں کہ) کیا آج صبح کے وقت سوکر اٹھنے کے بعد تم لوگاں کچھ وقت خداوند کے بارے میں سوچے کہ وہ تمہارے کتّی محبت کرتائے؟ لوگاں صبح سوکر اٹھتیں تب دراصل کچھ کرنا نیں چاہتیں، مگر تمہارے کو اپنے جسم کو متحرک کرنے اور روحانی انسانیت کو جگانے اور سبھی عمدہ باتاں کو پورے کرنے کے واسطے اپنے منھ کا استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔

اس واسطے جب تم لوگاں صبح سوکر اٹھیں اور بولیں۔اے باپ میں تیرا شکر کرتوں/ کرتیوں کہ تو میرے کو اتّی محبت کرتائے کہ تو یسوع کو میرے واسطے قربان ہونے کو بھیج دیا۔اے باپ تیرا شکر کرتوں/ کرتیوں کہ جو دوبارہ جو کچھ حاصل کرنے کی قوت میرے اندر قیام کرتئے۔اے باپ میں تیرا شکر کرتوں/ کرتیوں کہ میں روح القدس کے ساتھ ہوں۔میں تیرا شکر کرتوں/ کرتیوں کہ کہ دوبارہ جی اٹھنے کی قوت میرے اندر قیام کرتی ہے

اے باپ میں تیرا شکر کرتیوں کہ میں آج جہاں بھی ہُوں گا/ ہُوں گی ۔ برکت کی وجہ بنوں گا/ بنوں گی ۔ اے خدا وندتو میرے کو محبت کرتائے ۔ میرے چھوٹے سے گھر میں تو میرے کو محبت کرتائے ۔ میں تیری خاص اولا د ہوں ۔ میں تیرے آنکھوں کی پتلی ہوں ۔ تو میرے کو محبت کرتائے ۔

تم لوگاں خود سے بات کریں اور اس بات کو جانیں اور خیال رکھیں کہ تم لوگاں خداوند کی محبت میں گھرے ہیں اور اس میں گلے تک ڈوبیں ۔ بائبل میں لکھا ہے کہ ''دیکھ میں تیری صورت اپنی ہتھیلیوں پو گود رکھی ہے اور تیری شہرِ پناہ ہمیشہ میرے سامنے ہے ۔'' (یسعیاہ 49:16) میں اس کو واں دیکھ سکتیوں وہ بولرائے دیکھو یاں دیکھو؟ کیا یہ خوبصورت نیں ہے َمیں اس کو بھوت محبت کرتوں ۔ میری اولاد کو دیکھو ۔ میری ہتھیلیوں پو بنے ان کے چہروں کو دیکھو ۔ اُنے تم لوگاں کا چہرہ واں رکھیائے ۔ تا کہ لگا تار ذکر ہو کہ وہ تم لوگاں کو محبت کرتائے اور تم لوگاں کے ساتھ قربت رکھنا چاہتائے ۔

خداوند کا شکر کرنا یاد رکھو ۔ اور اس کے ساتھ قربت کر کے رشتوں کو بڑھاؤ ۔ کبھی کبھی منھ کے بل گر کو یالیٹ کو دعا کرو اور خداوند کا شکر کرو کہ تم لوگاں نجات پالیں جواب میں خداوند سے محبت کرو ۔ یوحنّا 4:16,17 میں پڑھو ۔ خداوند محبت میں بنا رہتائے ، وہ خداوند میں بنا رہتائے ۔ اور خداونداس میں بنا رہتائے ۔ اسی ( اکیلے پن اور قربت میں اس کے ساتھ ) سے محبت ہمارے میں سمئی اور کامل ہوئی ۔ تا کہ ہمیں یومِ حساب کا یقین ہو ۔

خداوند تم لوگاں سے محبت کرتائے یہ معلوم کر کے تمہارا بھروسہ اور اس کی بھروسہ مندی پر بھروسہ ہوتا ہے ۔

خداوند کو محبت کرنے کا موقع دینے سے بھی برکتیں تمہارے کو حاصل ہوں گی ۔ بڑا بھروسہ، گناہ سے نجات، سکون اور خوشی ، یہ ساری باتیں تب ہوں گی جب تم لوگاں خداوند کو محبت کرنے کی اجازت دیں گے ۔ اکثر ہم لوگاں سے پھیر دیتیں اور سوچتیں ''میرے کو چ خداوند سے محبت کرنا ہے ۔ میرا یقین ہے کہ پہلے ہم لوگاں خداوند کو محبت کرنے دیو ۔ میں نیں مانتی کہ خداوند کی محبت کو پائے بغیر تم لوگاں خداوند کے بارے میں اپنی محبت کا اظہار کر سکتیں ۔

میں تم لوگاں سے یہ بول سکتیوں کہ خداوند سے قربت رکھیں اور یہ کہ تمہارے کو خداوند سے قربت رکھنے کی سچ مچ ضرورت ہے۔ مگر تم لوگاں یہ قربت کیسے کریں گے؟

جب خداوند بولے کہ میں اس کے ساتھ قربت رکھوں، میں بستر پو بیٹھ گئی اور میں بولی۔ اب میں کیا کروں اے خداوند؟ یہ صحیح ہے۔ میرے کو معلوم نیں کہ خداوند کے ساتھ قربت کیسا رکھیں، کیوں کہ اس وقت تک میرے کو صحیح بولے تو معلوم نیں تھا کہ خداوند میرے کو کتّی محبت کرتیں۔

تم لوگاں دوسروں کے بارے میں اپنے جذبات کیسے ظاہر کرسکتیں، صرف ان کو محبت کرکو اور ان کی تعریف کرکو، اگر تم لوگاں نہیں جانتیں کہ وہ تمہارے کو محبت کرتیں یا نیں؟ تمہارے کو ڈر لگیں گا کہ کئیں تم لوگاں احمق نہ ٹھہرائے جاؤ۔

اگر تم لوگاں کو معلوم ہے کہ کہ وہ تمہارے کو محبت کریں اور تمہارے کو اپنا ئیں گے۔ اس وقت یہ سہولت بخش ہے۔

جو جو باتیں میں میرے شوہر سے بول سکتیوں اور کرسکتیوں، وہ باتاں کسی دوسرے کے ساتھ نیں کرسکتی۔ کیوں کہ میرے کو معلوم ہے کہ میرے شوہر میرے کو محبت کرتیں۔ خداوند کے ساتھ محبت میں بھی ایسا چ ہوتا ئے۔

اس کے واسطے آگے بڑھو اور شروعات کرو، خداوند کو ایک موقع دیو تا کہ وہ تمہارے کو قربت کرنا سکھا ئیں گے۔ خود کو آج اور ابھی یہ سوال پوچھو۔ کیا میں خداوند کے ساتھ سکون محسوس کرتوں؟ خداوند تم لوگاں کو محبت کرتیں۔

# 4

## محبت بھروسہ اور اعتماد

اور مسیح یسوع نے نہ تو ختنہ کچھ کام کا ہے نہ نامختونی مگر ایمان جو محبت کی راہ سے اثر کرتا ہے۔"
گلتیوں5:6

ہمارے میں سے بھوت سے لوگاں بھروسہ حاصل کرنے میں وقت لگائیں، ہم لوگاں جانیں کہ ایمان بنا خداوند کو خوش کرے کہ ممکن نیں، (عبرانیوں11:6) اس کے واسطے ہم لوگاں محنت کرتیں اور زیادہ بھروسہ پانے کی کوشش کرتیں، مگر ایمان کا تعلق دل سے ہے اور تم لوگاں صرف خداوند کے ساتھ محبت کی قربت رکھنے کے ذریعہ اس کو پاسکتیں، میں تمہارے کو بھروسہ کرنا نیں سکھا سکتی، مگر میں یقین سے اصول سکھا سکتیوں، اور تمہارے میں اتّی بھول پیاس جگا سکتیوں کہ تم لوگاں اسے پانے واسطے کیا بھی کرنے کی جتن کریں گے یہ صر خداوند سے الہام کے ذریعہ ملتائے۔

بھروسہ حاصل کرنے کے واسطے اور خداوند کو خوش کرنے کے واسطے سخت محنت کرنا بند کرنا اور خداوند کو زیادہ سے زیادہ وقت دینا، اس کو محبت کرتے ہوئے سارا دن خداوند سے محبت کرتے رہو۔ سارا دن خداوند

سے محبت کرتے رہو۔اور اسے تمہارے کو محبت کرنے کا موقع دیو،

''کیوں کہ ہم لوگاں ایمان پو چلتیں نہ کہ آنکھوں دیکھے پر۔''، ہم لوگاں اپنی زندگی اس طریقہ سے گذارتیں اس بھروسہ سے کرتیں جس کی بنیاد کا تعلق خداوند اور نورانی باتوں سے ہے۔ہم لوگاں بھروسے اور مقدس خیال کے ساتھ چلتیں، کرنتھیو 5:7

ایک دفعہ میں یہ کلام پڑھ رئی تھی، خداوند میرے دل میں کچھ اہم باتاں بولے۔میں ایمان پو چلنا سیکھ رئی تھی، میری زندگی کی ہر بات میں ایمان کے ساتھ چاہتی تھی، ایمپلی فائیڈ بائبل کُرنتھیو 5:7 میں لکھیائے، ہم لوگاں اپنی زندگی اس بھروسے اور اصول پو گذارتیں جس کی بنیاد خداوند کے ساتھ ہمارے تعلق پو ہماری سوچ ہے ، ددسرے لفظوں میں میرے اور خداوند کے بیچ کے تعلق پو جو میرا خیال ہے یا بھروسہ ہے، میں اس کے سہارے ایمان کے ساتھ چلوں گی، کیا تم لوگاں یہ بات سمجھتیں، ایک شخص جو یہ مانتائے کہ راست باز نیں ہے۔ایمان کے ساتھ نیں چل سکتائے، ایک شخص جو یہ سوچتائے کہ وہ مٹی کا ایک کیڑا ہے اور خداونداس کو محبت نیں کرتائے وہ بھی ایمان کے ساتھ نیں چل سکتائے۔بھوت سے لوگاں ایمان کے مطابق چلنے کی کوشش کرتیں مگر وہ اپنے دل میں ان دوسرے باتاں کو خیال نیں رکھتے،

گلتیوں'5:6 میں لکھیائے۔ایمان محبت کے ذریعہ اثر ڈالتائے، خداوند نے یہ بات میرے دل میں ڈالی، سب لوگاں سوچتیں کہ اس کلام کا خیال ہے اگر وہ دوسروں سے محبت نیں کرتیں ان کا بھروسہ کام نیں کریں گا، مگر یہ خیال غلط ہے۔اس کا صحیح مطلب ہے، اگر وہ نیں جانتی کہ خداوند اُنوں کتّی محبت کرتیں ان کا بھروسہ کام نیں کریں گا، بھروسہ بغیر محبت کے کام نیں آتائے، مگر یہ لوگاں کے واسطے ہماری محبت نیں ہے جو اثر دکھائیں گا۔ یہ خداوند کی محبت ہے، اس کو محبت کرنے دیو، تب تمہارا ایمان کام کریں گا،

ان باتوں میں کافی فرق ہے، خداوند پو بھروسہ کر کو ایمان کے ساتھ چلنا مطلب ہے خداوند کے سہارے رہنا اور سب باتاں کے واسطے اس پو بھروسہ کرنا، تم لوگاں کسی کے ساتھ یہ نیں کر سکتیں، اگر تم لاگاں یہ جانتیں کہ وہ تمہارے

سے محبت کرتا ئے۔تم لوگاں یہ سب بھول بھی سکتیں، اگر تم لوگاں خداوند کی محبت کو نیں جانتیں، جو تمہارے واسطے ہے، تم لوگاں کبھی بھی خداوند پو بھروسہ نہیں کر پا ئیں گے۔ اگر تم لوگاں سچ مچ جانتیں کہ خداوند تمہارے کو کتّی محبت کرتا ئے، شفا حاصل کرنے میں تمہارے کو کم مشکل ہوں گی۔ مالی مدد حاصل کرنے میں امید سے کم مشکل ہوں گی۔

تمہارے حاصل نیں کر پانے کی وجہ ہے، تم لوگاں صحیح معنوں میں ایمان نئیں رکھتیں کہ کہ خداوند وہ سب تم لوگاں کو دیریں تم لوگاں شاید یہ کریں۔ میں بھروسہ کرنا تو چاہتوں/ چاہتیوں پن کیسے کروں؟

تمہارے اندر خداوند کی محبت ہے، تمہارے کو صرف یہ کرنا ہے کہ جب خداوند جو دکھا ئیں، وہ مان لیں، بائبل میں لکھیا ئے، ''میں اس کو محبت کرتوں کیوں کہ پہلے اُنے میرے کو محبت کرا۔'' (یوحنّا 4:19) تمہارے کو خداوند سے محبت کرنا ممکن نیں ہے، جب تک یہ حقیقت نیں جانیں اور مانیں کہ وہ تمہارے کو پہلے محبت کرا تھا۔

